والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

BRITISH COLUMBIA

# فاؤنڈیشن اسکلز اسسمنٹ کے بارے میں

**خواندگی** آپ کے بچے کی زبان کو سمجھنے اور مختلف طریقوں سے بات چیت کرنے کی صلاحیت ہے۔

**شماریات** آپ کے بچے کی ریاضی کی اہم مہارتوں کو بروئے کار لانے، مسائل کو حل کرنے، اور حل سے متعلق آگاہ کرنے کی صلاحیت ہے۔

## فاؤنڈیشن اسکلز اسسمنٹ (ایف ایس اے) (FSA) کیا ہے

FSA گریڈ 4 اور 7 کے تمام طلباء کے سیکھنے سے متعلق ایک تشخیص ہے۔ یہ **خواندگی** اور **عدد** کے شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

FSA کے نتائج اس بات کی پیمائش کرنے کا ایک طریقہ ہیں کہ ان کلیدی شعبوں میں تعلیمی نظام کیسا کام کر رہا ہے۔ یہ اس بات کا اندازہ لگاتا ہے کہ طلباء کس طرح سوچتے ہیں، بات چیت کرتے ہیں اور عکاسی کرتے ہیں - نہ کہ صرف وہ حقائق جو وہ جانتے ہیں۔

FSA کا مقصد طلباء، اساتذہ، یا اسکولوں کی درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال کرنا نہیں ہے۔ FSA وقت کے ایک لمحے میں طالب علم کے سیکھنے کا ایک سنیپ شاٹ ہے۔ والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے، یہ آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کا بچہ اپنی خواندگی اور عددی ترقی میں کہاں ہے، نیز ان علاقوں کے بارے میں، جہاں انہیں مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ جب تمام طلباء شرکت کرتے ہیں، تو یہ وزارت تعلیم (منسٹری آف ایجوکیشن) اور بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) کو بھی واضح تصویر فراہم کرتا ہے کہ تعلیمی نظام مجموعی طور پر کیسا کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔

## ایف ایس اے(FSA) اہم کیوں ہے

وزارت تعلیم اور اطفال کی دیکھ بھال (Ministry of Education and Child Care) آپ کے بچے کے سیکھنے کے معیارات طے کرتا ہے، اور اساتذہ کے ساتھ مل کر اس پیمائش کا اندازہ لگاتا ہے کہ بچے کتنی اچھی طرح سے سیکھ رہے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ آپ کے بچے (اوربی سی (BC) میں تمام طلباء) ایک بہترین تعلیم حاصل کریں جو انہیں گریجویشن کے بعد زندگی کے لیے تیار کرے گی اور تعلیم یافتہ شہری بننے میں ان کی مدد کرےگی۔

طلباء کی تعلیم کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے وزارت کا ایک طریقہ FSA کے ذریعے ہے۔ FSA ہمیں یہ سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ پورے صوبے میں سیکھنے کا عمل کیسا لگتا ہے۔ یہ ہمیں یہ دیکھنے کا موقع دیتا ہے کہ طلباء کے مختلف گروپس کس طرح سیکھ رہے ہیں اور یہ معلوم کرنے کا موقع دیتا ہے کہ انہیں کہاں اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اس سے ہمیں یہ سمجھنے میں بھی مدد ملتی ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ بی سی (BC)کتنا اچھا کام کر رہا ہے۔

وزارت اس معلومات کا استعمال اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کرتی ہے کہ آپ کے بچے کی تعلیم "صحیح راستے پر" ("on track") ہے اور یہ کہ وہ پیچھے نہ پڑ جائیں۔ یہ ڈیٹا ہمیں یہ جاننے کا بھی موقع دیتا ہے کہ کینیڈا کے دیگر صوبوں اور باقی دنیا کے طلباء کے مقابلے میں بی سی (BC) کے طلباء کیسا کر رہے ہیں۔ FSA وزارت کو اور والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں دونوں کو یہ یقین دہانی فراہم کرتا ہے کہ طلباء کے پاس خواندگی اور عددی مہارتیں ہیں جو کہ ان کے مستقبل کے لیے ضروری ہیں۔

## ایف ایس اے(FSA) :

- ایک اعلی داؤ کی تشخیص **نہیں** ہے
- طلباء، اساتذہ، یا اسکولوں کی درجہ بندی کے لیے استعمال کرنے کے لیے **نہیں** ہے
- طلباء کے نمبروں یا رپورٹ کارڈ پر اثر **نہیں** پڑتا
- طلباء کو سیکھنے کے بارے میں قیمتی معلومات فراہم کرتا ہے
- اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تمام طلباء خواندگی اور شماریات میں ایک مضبوط بنیاد تیار کر رہے ہیں
- بی سی (BC) کے تعلیمی نظام میں بہتری کی رہنمائی کرتا ہے

# والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

BRITISH COLUMBIA

## آپ کا بچہ کیسے شرکت کرے گا؟

آپ کا بچہ کلاس روم کی باقاعدہ تعلیم کے حصے کے طور پر FSA مکمل کرے گا۔ آپ کے بچے کو تشخیص کے لیے تیاری کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ FSAکے پانچ حصے ہیں جو آپ کے بچے کے گریڈ 4 اور 7 کے تعلیمی سال کے موسم خزاں کے دوران کئی دنوں یا ہفتوں میں پھیلے ہوئے ہوسکتے ہیں۔ تشخیص کا ہرجزو کبھی بھی ایک گھنٹے سے زیادہ طویل نہیں ہوگا، لہذا اس میں کلاس روم میں سیکھنے سے دور دوسری جگہوں میں زیادہ وقت نہیں گزارنا ہوگا۔ آپ کا بچہ جو توقع کر سکتا ہے، وہ یہاں درج ہے:

| جزو | بیان | وقت |
|---|---|---|
| **کاغذ پر مبنی خواندگی کا ٹاسک** | تین تحریری جوابی سوالوں کی ایک باہمی سرگرمی | 60 منٹ |
| **آن لائن خواندگی کا ٹاسک** | 30 سوالات | 60 منٹ |
| **کاغذ پر مبنی عددی ٹاسک** | 3 تحریری جوابی سوالات اور 1 خود عکاسی والا سوال | 45 منٹ |
| **آن لائن عددی ٹاسک** | 30 سوالات | 60 منٹ |
| **خود اپنے بارے میں سوچنا** | 1 منتخب جوابی سوال اور 1 تحریری جواب والا سوال | 5 منٹ |

کچھ طلباء ٹیسٹ کے بارے میں گھبراہٹ محسوس کر سکتے ہیں۔ گھر پر FSA کے بارے میں بات کرنے سے آپ کے بچے کو تشخیص کے مقصد کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس سے آپ کے بچے کو ٹیسٹ دینے میں زیادہ پراعتماد محسوس کرنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

آپ کو اپنے بچے کا امتحانی کتابچہ نمبر(مارکس) ملنے کے بعد واپس مل جائے گا۔ صوبائی مہارت کے پیمانے کا استعمال کرتے ہوئے اساتذہ مارکنگ کرتے ہیں، وہی پیمانہ جو کنڈرگارٹن سے گریڈ 9 کے رپورٹ کارڈ ز کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ FSA کے لیے، "ترقی پذیر" ("Developing")اور "ماہر" ("Proficient") کو اسکیل پر ایک ہی زمرے میں ملا دیا گیا ہے، تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ آیا آپ کا بچہ اپنی خواندگی اور عددی سیکھنے میں"صحیح رآستےپر" ("آن ٹریک") ہے۔

| ابھرتا ہوا | صحیح راستے پر (آن ٹریک) | توسیع شدہ |
|---|---|---|
| اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ متوقع تصورات کو سمجھنے لگا ہے | اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ زیادہ تر متوقع تصورات کو سمجھتا ہے | اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ اپنی تعلیم کو نئے اور مختلف طریقوں سے استعمال کرنے کے قابل ہے |

اساتذہ کے تحریری تبصروں اور رپورٹ کارڈز پر مہارت کے پیمانے کے ساتھ، یہ دیکھنے کے لیےکہ آپ کا بچہ اپنی خواندگی اور عددی ترقی میں کہاں ہے اور وہ اپنی تعلیم میں آگے کہاں جا سکتا ہے، FSAکےنتائج معلومات کا ایک اور مددگار ذریعہ ہو سکتے ہیں۔

## FSAنتائج کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے؟

FSA کے نتائج والدین، دیکھ بھال کرنے والوں، اساتذہ، اسکولوں، ڈسٹرکٹز(districts) اور وزارت(Ministry) کو بصیرت فراہم کرتے ہیں۔ وہ تعلیمی نظام کی تمام سطحوں کو قیمتی معلومات فراہم کرتے ہیں جس سے طالب علم کی تعلیم کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

- یہ نتائج والدین، نگہداشت کرنے والوں اور اساتذہ کو آگاہ کر سکتے ہیں کہ طلباء خواندگی اور تعداد میں کیسا کام کر رہے ہیں۔
- اساتذہ، اسکول، اور ڈسٹرکٹز (districts) کلاس روم کی تدریس میں مدد کے لیے FSA کے نتائج کا استعمال کر سکتے ہیں۔ وہ دیکھ سکتے ہیں کہ طلباء کہاں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور کہاں انہیں مزید مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
- تعلیم کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے اسکول، ڈسٹرکٹز(districts)، اور وزارت (Ministry) FSA کے نتائج کا استعمال کر سکتے ہیں۔ تعلیم کے اعلیٰ معیارات کو برقرار رکھنے کے لیے، وزارت FSA پر بھی انحصار کرتی ہے تاکہ تمام طلباء کو خواندگی اور عددی مہارتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے۔

یہ جاننا ضروری ہے کہ FSA کے نتائج طلباء، اساتذہ، اسکولوں، یا ڈسٹرکٹز(districts) کی درجہ بندی کے لیے نہیں ہیں۔ درجہ بندی سیکھنے میں مدد نہیں کرتی اوربی سی (BC) کے تعلیمی نظام کو بہتر نہیں بناتی ہے۔ FSA صرف ایک ڈیٹا پوائنٹ ہے اور اسکول میں ہونے والی تمام تدریس اور سیکھنے کی عکاسی نہیں کرتا ہے۔ اسی لیے وزارت کوئی بھی درجہ بندی نہیں بناتی ہے، اورنہ ہی اسے شیئر کرتی ہے یا اس کی حمایت کرتی ہے۔

## خواندگی اور عددی کی تشخیص کب کی جاتی ہے؟

**بنیادی مہارات کی تشخیصات**

- گریڈ 4 — خواندگی اور عددی
- گریڈ 7 — خواندگی اور عددی

**گریجویشن کی مہارات کی تشخیصات**

- گریڈ 10 — خواندگی اور عددی
- گریڈ 12 — خواندگی

## ہم سے رابطہ کریں

assessments@gov.bc.ca

Curriculum.gov.bc.ca